BRAMPTON **Service and Information Update**

پارکنگ، پارکس اور کھیل کے میدان: سٹی رہائشیوں کو کووِڈ-19 کے دوران ضمنی قوانین کی یاددہانی کرواتا ہے

برامپٹن، آن (14 مئی 2020) – سٹی آف برامپٹن رہائشیوں کو کورونا وائرس (کووِڈ-19) کی عالمی وباء اور پورے سال کے دوران ضمنی قوانین پر عمل کرنے کی اہمیت کی یاددہانی کرواتا ہے۔ ضمنی قوانین کو ایک محفوظ اور صاف شہر برقرار رکھنے کے لیے نافذ کیا گیا ہے اور برامپٹن کا ہر رہائشی ان معیارات کو قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

قواعد کی پابندی نہ کرنے والے افراد پر ہر بار خلاف ورزی پر برامپٹن کووڈ-19 ایمرجنسی مژرز بائی لاء کے تحت کم سے کم 500$ اور زیادہ سے زیادہ 100,000$ تک کا جرمانہ یا صوبائی ایمرجنسی منیجمنٹ اینڈ سول پروٹیکشن ایکٹ (EMCPA) کے تحت جرمانہ ہو سکتا ہے۔ خلاف ورزی کے مرتکب ہونے والے اشخاص پر سٹی کے دیگر متعلقہ ضمنی قوانین کے تحت بھی جرمانہ ہو سکتا ہے۔

گاڑیوں کی پارکنگ میں حفاظت

سٹی کا ٹریفک بائی لاء 93-93 بیان کرتا ہے کہ سائیڈ واک کے کسی بھی حصے پر کوئی بھی گاڑی ایسے نہیں کھڑی ہونی چاہیے، جس سے راستے میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو۔ ایسا کرنے سے سائیڈ واکس استعمال کرنے والے لوگوں کے لیے خطرہ پیدا ہوتا ہے اور یہ سٹرولرز، ویل چیئرز اور پیدل چلنے والوں کے لیے رکاوٹ پیدا کرتا ہے۔ اس ضمنی قانون کے تحت، گاڑیوں کو ایسے طریقے سے پارک کرنے کی اجازت بھی نہیں ہے، جس سے ٹریفک میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو۔ پارک ہونے والے کسی بھی گاڑی کو سڑک پر تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

اگر ضروری ہو، تو رہائشی گاڑی کو بولیوارد کی پکی جگہ پر سڑک کے کنارے سے متوازی پارک کر سکتے ہیں۔ اس طرح سے پارک کرنے پر، گاڑیاں سڑک یا سائیڈ واک پر تجاوز نہیں کرتیں۔

موجودہ وقت پر، چونکہ سٹی کی ملکیت میں تمام پارکنگ لاٹس تاحکم ثانی عوام کے لیے بند ہیں، سٹی نے عارضی طور پر سڑک پر پارکنگ کے قوانین کے نفاذ کو معطل کیا ہوا ہے، ماسوائے طبی، حفاظتی اور ہنگامی خدمات سے متعلقہ معاملات کے، مثلاً: ڈرائیو ویز اور فائر ہائیڈرنٹس کا راستہ بند ہونا، سائیڈ واکس کا بند ہونا، سڑک پر رکاوٹیں، آگ بجھانے کی گاڑیوں کے راستے اور ہنگامی گاڑیوں کے گزرنے کے راستے کو کھلا رکھنا یقینی بنانا۔

پارکس اور پیدل چلنے کے راستوں کا استعمال

چونکہ سٹی کے پارکس بند ہیں، رہائشیوں کو پارکس کے راستوں سے گزرنے اور پیدل چلنے کے راستوں کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ بیرونی تفریحی سہولت گاہوں کا استعمال ابھی بھی ممنوع ہے، بشمول:

- کھیلوں کے میدان اور پارکوں میں موجود ہر قسم کی سہولتیں؛
- پکنک کی جگہیں، بینچ یا شیلٹرز
- آؤٹ ڈور سپورٹس کی سہولت گاہیں اور آؤٹ ڈور فٹنیس کے آلات بشمول سپورٹس فیلڈز، باسکٹ بال اور ٹینس کورٹس وغیرہ؛
- تفریحی مراکز اور ان کے ارد گرد کے مقامات؛ اور
- پارکنگ لاٹس۔

رہائشیوں کو اس بات کی بھی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ کتوں کو سٹی کے کسی بھی پارک میں پٹے کے بغیر جانے کی اجازت نہیں ہے اور پٹے کے بغیر گھومنے کے پارکس اس وقت بند ہیں۔

جسمانی فاصلہ بندی

جب رہائشی باہر سائیڈ واکس، ٹریلز، پیدل راستوں یا دیگر عوامی جگہوں پر جاتے ہیں، تو انہیں ہر وقت دوسرے لوگوں (جو ان کے گھر میں نہ رہتے ہوں) سے 2.0 میٹر کا جسمانی فاصلہ لازمی طور پر برقرار رکھنا ہو گا۔ EMCPA کے تحت پانچ سے زیادہ افراد کا اجتماع بھی ممنوع ہے۔

پانچ سے زیادہ لوگوں کے اجتماع کی اطلاع دینے کے لیے، رہائشیوں سے 311 پر کال کرنے کی گزارش کی جاتی ہے۔

کورونا وائرس کے ردعمل میں کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کی سٹی کی تمام کوششوں کے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں www.brampton.ca/COVID19 یا CityBrampton@ کو ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر فالو کریں۔ سٹی کے ضمنی قوانین کے متعلق مزید معلومات کے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

30--

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
Monika.Duggal@brampton.ca| 905-874-3426